# التفسیر اہل علم کی نظر میں

## پروفیسر ڈاکٹر محمد طفیل ہاشمی

سابق ڈین، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

مکرمی جناب ڈاکٹر محمد شکیل اوج صاحب

مدیر اعلیٰ سہ ماہی ''التفسیر'' کراچی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سراپا سپاس ہوں کہ چند ماہ سے آپ کے زیر ادارت شائع ہونے والا علمی، فکری اور تحقیقی مجلہ ''التفسیر'' باقاعدگی سے موصول ہو رہا ہے۔ اتنے وقیع علمی اور تحقیقی مجلہ کی اشاعت پر ہدیہ تبریک قبول کیجئے۔ پاکستان میں خالص علمی اور فکری مجلات کی شدید کمی ہے اور دینی صحافت بالعموم گروہی نمائندگی کا فریضہ سرانجام دیتی ہے، اس کے بے اثر ہونے کی وجہ بھی یہی ہے۔ آپ کی یہ کاوش لائق صد تحسین ہے کہ آپ نے ایک ایسا تحقیقی مجلہ متعارف کروایا جس کے مقالات کے تنوع سے معلوم ہوتا ہے کہ مکاتب فکری وابستگیوں سے بالاتر ہو کر حکمت و دانش کی ریزہ چینی کے لیے ہر محقق و مفکر کی رائے سے استفادہ کیا جاتا ہے۔

میرے خیال میں ہمارے معاشرے میں مذہبی روایات سے وابستگی میں کوئی کمی نہیں بلکہ شاید یہ شدید سے شدید تر ہوتی جاری ہے لیکن ہم نے صدیوں سے قرآن کے ساتھ ایک زندہ کتاب کا سا معاملہ کرنا ترک کر دیا ہے۔ آپ سے امید ہے کہ آپ اپنے وقیع مجلہ کے ذریعے زندگی کو قرآنی دانش سے وابستہ کرنے پر زیادہ توجہ دیں گے اور ایسے موضوعات آپ کی اولین ترجیح ہوں گے جو دور حاضر میں جدید ذہن کے لیے چیلنج یا الجھن ہیں اور ان کے حل کے لیے قرآن سے رہنمائی کی ضرورت ہے۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو بمع اہل خانہ، احباب و رفقاء عافیت سے رکھے اور آپ کی علمی کاوشوں کو حسن قبول سے نوازے۔

محمد طفیل ہاشمی

مکان نمبر 104 اسٹریٹ 10

گلشن خداداد، اسلام آباد



## اشہد رفیق ندوی

برادر مکرم ڈاکٹر اوج صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ مزاج بخیر ہوگا۔ ادارہ علوم القرآن میں آپ کا موقر رسالہ التفسیر دیکھنے کا شرف حاصل ہوا۔ عرصہ سے خواہش تھی کہ کاروانِ علوم القرآن میں تازہ دم سپاہی شامل ہوں۔ قرآن مجید کے ساتھ مخصوص، خصوصی رسالہ دیکھ کر طبیعت باغ باغ ہوگئی۔ اللہ تعالیٰ آپ کی کوشش کو قبولیت عطا فرمائے اور امت مسلمہ بلکہ پوری انسانیت کو اس کتاب ہدایت سے وابستہ کردے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجھے قرآنیات میں خصوصی دلچسپی ہے بلکہ میرے علمی تگ و دو کا محور قرآن مجید ہی ہے۔ دو کتابیں اور متعدد مضامین اس موضوع پر لکھے ہیں۔ اگر آپ اپنے قلم کاروں کی فہرست میں مجھے شامل کرنا چاہیں تو میرے لیے سعادت کی بات ہوگی۔ حاضرین کی خدمت میں سلام عرض ہے۔

نوٹ: آپ خود کو التفسیر کے قلمکاروں کی فہرست میں شامل سمجھیے (ادارہ)

والسلام، طالب دعا

اشہد رفیق ندوی

10 ظفر کمپلیکس، نزد ایم یو کالج

علی گڑھ ـ 202002

### مقالہ نگاروں کے لیے خصوصی ہدایات

۱۔ مقالات علمی، فکری و تحقیقی نوعیت کے ہونے چاہییں۔

۲۔ مقالات فل اسکیپ سائز کے اوراق پر کاغذ کے صرف ایک طرف خوشخطی سے لکھیں جائیں۔

۳۔ مقالات فل اسکیپ سائز کے ۲۵ صفحات سے زیادہ کے نہ ہوں۔

۴۔ کمپوزڈ مقالے مع سی ڈی کے قابل ترجیح ہوں گے۔

۵۔ بہتر ہوگا کہ مقالے کی اصل کاپی کے ساتھ دو عدد نقول بھی ارسال کی جائیں۔

۶۔ مقالات ریفریز کی مثبت رپورٹس کے بعد شائع کیے جائیں گے۔

۷۔ مقالہ نگار حضرات پہلے سے شائع شدہ مقالات ہرگز نہ بھیجیں۔

خصوصی نوٹ:

مجلس التفسیر بعض مشہور علماء و مشاہیر کے علمی، فکری و تحقیقی مضامین منتخب کر کے شائع کرتی ہے جو دراصل علمی و دینی ورثہ ہے کے پیش نظر ایسا کرتی ہے۔ مجلس التفسیر یہ سمجھتی ہے کہ نئے مگر غیر معیاری مقالات سے کہیں زیادہ بہتر ہے کہ پرانے مضامین شائع کیے جائیں۔



© rasailojaraid.com